کالی گھٹا　　آہٹ　　سَنسَناہٹ　　مِینہ

# بَرسات



وہ دیکھو اُٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا
گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی
ہوا میں بھی اِک سَنسَناہٹ ہوئی
گھٹا آن کر مِینہ جو بَرسا گئی
تو بے جان مٹی میں جان آگئی
زمین سبزے سے لہلَہانے لگی
کِسانوں کی محنت ٹھکانے لگی







جڑی ، بوٹیاں ، پیڑ آئے نِکل
عجب بیل ، پتّے ، عجب پھول پھل

ہر اِک پیڑ کا اِک نیا ڈھنگ ہے
ہر اِک پھول کا اِک نیا رنگ ہے

ہزاروں پھُدکنے لگے جانور
نِکل آئے گویا کہ مٹّی کے پَر

جہاں کل تھا میدان چٹّیَل پڑا
وہاں آج ہے گھاس کا بَن کھڑا

یہ دو دِن میں کیا ماجرا ہوگیا
کہ جنگل کا جنگل ہَرا ہوگیا

(اسماعیل میرٹھی)

## ۱. آؤ معنی یاد کریں

کالی گھٹا : کالے بادَل
آہٹ : پاؤں کی آواز ۔ کھٹکا
سَنسَناہٹ : وہ ہلکی آواز جو ہوا کے چلنے سے پیدا ہوتی ہے
مِینہ : بارش

    

جان میں جان آنا : اطمینان ہونا، تسلی ہونا، خوشی حاصل ہونا

محنت ٹھکانے لگنا : کامیاب ہونا، کوشش کا صلہ ملنا

نیا ڈَھنگ : نیا طریقہ، نیا اَنداز

پھُدکنَا : اُچھلنا، کودنا

چٹیل : وہ میدان جہاں کوئی درخت نہ ہو، ہموار میدان

پَر نِکل آنا : اُڑنے کے لیے تیار ہونا۔

لَہلَہانا : سَبزے کا ہوا سے ہلنا، سبزے کا ہوا میں جھومنا

## ۲. مختصر جواب لکھیے :

☆ برسات کب ہوتی ہے؟

☆ برسات کے بعد جنگل کا سماں کیا ہوتا ہے؟

☆ برسات سے کسان کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

☆ شاعر نے ایک شعر میں تعجب کا اظہار کیا ہے وہ شعر لکھیے

☆ نظم کے آخری شعر کو اپنے الفاظ میں لکھیے

## ۳. مناسب الفاظ تلاش کر کے خالی جگہیں پُر کیجیے

( گھاس ۔ میدان ۔ مٹی ۔ پھُدکنے )

☆ ہزاروں ................. لگے جانور







☆ نکل آئے گویا کہ.......... کے پَر

☆ جہاں کل تھا................چٹیل پڑا

☆ وہاں آج ہے.........کا بن کھڑا

## ۴. مثال دیکھ کر لفظوں کو اُلٹ کر نیا لفظ بنائیے

| | لفظ | | | | | | | اُلٹ کر | | | | | | | نیا لفظ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال : | س | + | ر | + | د | = | سرد | د | + | ر | + | س | = | | درس |

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اناج | | | | | | | | | | | | | |
| ناپ | | | | | | | | | | | | | |
| تاب | | | | | | | | | | | | | |
| ناک | | | | | | | | | | | | | |

## ۵. استاد کی مدد سے برسات پر چند جملے لکھیے

## ٦. کا، کو، کی ، پر، نے ، سے ، کے وغیرہ کو حروف کہتے ہیں

حروف وہ کلمہ ہے جو لفظ کو لفظ کے ساتھ جوڑ کر جملہ بناتا ہے ۔ درج ذیل جملوں کو حروف کے ذریعے مکمل کیجیے

رشید..........کھانا کھایا　　　　موہن ................اعزاز ملا

عادل ...............بات کرو

    

# اعادہ: سبق: ۵، ٦، ۷، ۸

استاد اس مشق کے ذریعہ بچوں کی ذہنی بالیدگی، اُن کی سمجھ اور فہم کا اندازہ لگا سکتا ہے۔

## I. سوچ کر بتائیے:

(الف) گوتم کون تھا؟

(ب) کپل دیو کون ہے اور کیوں مشہور ہے؟

(ج) بہنیں راکھی کے دن کیا کرتی ہیں؟

(د) برسات سے کسان کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

## II. درج ذیل خاکے سے نو جملے بنائیے:

| | | |
|---|---|---|
| میرا دوست | | رہتا تھا |
| اکرم | یہاں | رہے گا |
| اُس کا بھائی | | آئے گا |

## III. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریئے:

چستی، تیر، پھُدکنے

انسان ................. اندازی کا شوقین بھی رہا ہے

کھیلنے سے بدن میں ................. آتی ہے

ہزاروں ................. لگے جانور